مملکت حیدر آباد

ایک علمی، ادبی اور ثقافتی تذکرہ

بہادر یار جنگ اکادمی
کراچی پاکستان

جلد اوّل

حیدرآباد کا علمی و ادبی ورثہ

فہرست

نقش اوّل — نومبر ۱۹۶۷ء — ۵۰۰
تعداد صفحات — ۸۶۴
کاغذ — آرٹ پیپر
تصاویر — ۱۰
طباعت (آفسٹ) — انجمن پریس
قیمت — ۳۰/=

ناشر
بہادر یار جنگ اکادمی
سراج الدولہ روڈ۔ بہادر آباد، کراچی ۵
مغربی پاکستان

آخری تاجدار مملکت آصفیہ

باسمہ سبحانہٗ

انتساب

بہ نامِ نامی

امیر کبیر، شمس الامراء ثانی نواب فخر الدین خاں، مرحوم و مغفور

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بہ عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم، دوامِ ما

پیش لفظ

حیدرآباد کیا تباہ ہوا، برصغیر سے مسلمانوں کے ہزار سالہ دَورِ حکومت کی آخری یادگار مٹ گئی۔ حکومتیں بنتی بھی ہیں اور بگڑتی بھی۔ ہر وقت کسی کا عروج ہے کسی کا زوال۔ خدا کی ذات کے سوا جو کچھ بھی ہے عارضی اور فانی ہے۔ حیدرآباد کی حکومت بھی ایک ایسی ہی عارضی شے تھی، ایک نہ ایک دن اسے فنا ہونا ہی تھا۔ اس کا غم بے سود ہے۔ البتہ مسلمانوں کا وہ عظیم الشان علمی اور ثقافتی مرکز جو اس حکومت کے سایے میں پھولا پھلا اور جسے صرصرِ حوادث کے ایک بے رحم جھونکے نے جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا، اس کا جتنا بھی ماتم کیا جائے کم ہے۔

حیدرآباد کی علمی ادبی اور تحقیقی سرگرمیاں ساری دُنیا کے لئے ایک نمونہ تھیں۔ حیدرآباد کی سرپرستی اور امداد قریب قریب برصغیر کے ہر علمی تعلیمی اور ثقافتی ادارے کو حاصل تھی۔ وہ ہندوؤں کا ہو یا مسلمانوں کا۔ حیدرآباد علم کے آسمان کا سورج تھا جس کے نور اور حرارت سے سارا برصغیر زندہ اور روشن تھا۔ اور جس کی شعاعیں باہر کی دنیا کو بھی منور کئے ہوئے تھیں۔ علم کی سرپرستی ایک خالص اسلامی روایت ہے، جسے ہمارے انحطاط کے زمانے میں بھی جب ہم انگریزوں کے محکوم تھے، حیدرآباد کی مسلمان ریاست نے قائم رکھا۔ آج جب کہ حیدرآباد مٹ چکا ہے اور اس کی گزشتہ عظمت دلوں میں یاد بن کر باقی رہ گئی ہے، ہمارا فرض ہے کہ ہم اس یاد کو قائم رکھیں۔ حیدرآباد کے علمی ادبی، تعلیمی اور ثقافتی کارناموں کو محفوظ کریں اور پاکستان میں اس روایت کو نہ صرف جاری رکھیں بلکہ ہو سکے تو پہلے سے زیادہ مضبوط بنائیں۔

حیدرآباد کی ایک اہم علمی یادگار وہ مطبوعات ہیں جو وقتاً فوقتاً وہاں سے شائع ہوئیں۔ یہ مطبوعات اُردو، فارسی، عربی اور انگریزی زبانوں پر حاوی ہیں۔ بہادر یار جنگ اکادمی نے ان ساری مطبوعات کی ایک جامع فہرست مرتب کی ہے جو اس وقت آپ کے سامنے ہے، جیسا کہ آپ ملاحظہ فرمائیں گے اس فہرست میں تئیس ہزار کتابوں کے نام ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ آگے چل کر یہ فہرست نا تمام ثابت ہو البتہ فی الحال جن جن کتابوں پر نظر جا سکتی تھی وہ سب اس فہرست میں شامل کر لی گئی ہیں۔ اور یہ ایک بہت بڑا کام ہے۔

پاکستان کے اہلِ علم کو عموماً اور اہلِ حیدرآباد کو خصوصاً میرے پرانے دوست اور رفیق کار جناب احمد عبداللہ المسدوسی کا تہہ دل سے ممنون ہونا چاہیئے کہ انھوں نے یہ اہم فریضہ اپنے ذمے لیا۔ اور اپنا بیش بہا وقت اس کی نذر کیا۔

یہ علم کے موتی جو اس فہرست میں چمک رہے ہیں، حیدرآباد کی ثقافتی تاریخ کی دولت ہیں۔ مجھے امید ہے کہ بہادر یار جنگ اکادمی ان ساری کتابوں کو جن کی نشان دہی فاضل مرتب نے کی ہے اپنے کتب خانے میں جمع کرنے

کی کوشش کرے گی۔ اگرچہ یہ کام بہت بڑا اور مشکل نظر آتا ہے مگر مجھے توقع ہے کہ مخلص احباب کے تعاون سے اس کی تکمیل ہوسکے گی۔ ہم لوگوں میں اکثر ایسے ہیں جن کے ہاں کچھ اپنی اور کچھ خاندانی کتابیں موجود ہیں جو پڑے پڑے ضائع ہو رہی ہیں۔ ہم انھیں رکھے اس لئے رہتے ہیں کہ وہ ہمارے باپ دادا کی یادگار ہیں، مگر ان کی حفاظت ہمارے بس کی بات نہیں۔ اپنی کتابوں سے کسے محبت نہیں ہوتی؟ لیکن اگر ہم اپنا جی بڑا اور کڑا کرلیں اور ایسی کتابوں کو جو کمیاب اور نایاب ہیں اپنے یا اپنے بزرگوں کے نام پر بہادر یار جنگ اکادمی جیسے ادارے کے سپرد کردیں تو ایک تو وہ ایک جگہ محفوظ رہیں گی اور طالبان علم ان سے بقدر ضرورت مستفید ہوتے رہیں گے اور پھر ہمارے خاندانوں کا نام بھی روشن ہوگا

موجودہ فہرست مطبوعات دوسری کتاب ہے جو بہادر یار جنگ اکادمی شائع کر رہی ہے۔ اکادمی نے حیدرآباد کی ایک مبسوط تاریخ مرتب کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور یہ کتاب اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے۔ اس فہرست کی تکمیل و اشاعت ایک نہایت قابل قدر کارنامہ ہے جس پر بہادر یار جنگ اکادمی مبارکباد کی مستحق ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس اکادمی کا ہر کام اس مرد مجاہد کے شایان شان ہوگا جس کے نام پر یہ وجود میں آئی ہے۔

"ممتاز حسن"

مقدمہ

تاریخ عالم میں مسلمانوں ہی کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ قوت و اقتدار سے محرومی کے دور میں بھی علمی میدانوں میں اشہب فکر کی جولانیاں دکھا کر زمانے کو حیران و ششدر بنا دیا اور اقوام عالم کی داستانوں میں ذہنی فوقیت اور فکری تفوق کے وہ نئے باب کھولے جن کے دریچوں سے آج بھی عظمتِ رفتہ کا جلال جھلکتا ہے۔

برصغیر کے مسلمانوں نے بھی اپنے بزرگوں کے اس مسلک کی پوری پاسداری کی اور جب مغلیہ اقتدار کا سورج گہنا رہا تھا اس وقت اس سرزمین کے علمی و ادبی مطلع پر تفکر و تحقیق کا آفتاب طلوع ہوا، اور لُعبت کدۂ ہند کے نگار خانے میں ایک حسین و جمیل نتھری ستھری تہذیب کے وہ نقوش صورت پذیر ہوئے جن کی دلآویزی اور رنگارنگی سے پورا صنم خانہ جگمگا اُٹھا۔

مغلیہ سلطنت کے زوال پذیر ہونے سے مرکزی طاقت کمزور پڑی تو چھوٹی چھوٹی ریاستوں نے "تا بحدِ خویش" مرکزیت حاصل کرلی۔ اس مرکزیت کا اساسی تصوّر یہ تھا کہ ملک گیری کے بجائے اب قلمروئے علم و فن پر تسلّط حاصل کرنے کی مہم سر کرنا چاہیے یعنی "تلوار کے بدلے" "برشِ قلم" کو چمکانے اور "فسانِ فکر" کو تیز کرنے کا وقت ہے چنانچہ سیاسی اور عسکری اقتدار سے تہی دامن یہی چھوٹے چھوٹے مراکز ذہنی اور فکری چھاؤنیاں چھا کر بیٹھ گئے۔ اور تہذیب و تمدّن اور علم و ادب کی جولانگاہوں میں اپنے نام کے ڈنکے بجا دیئے۔

ان مراکز میں سب سے بڑا مرکز آصفی سلطنتِ حیدرآباد کا تھا۔ یہ مرکز چند ایسے خصوصیات کا حامل تھا جن کو اس مملکت کے راعی و رعایا ہر دو نے برابر فروغ دیا۔ اس کا سبب غالباً یہی تھا کہ دکن کے مسلم عوام اور سلاطین بہت پہلے سے مسلم اقتدار کی آسودگیوں کے "لذت چشیدہ" اور مسلم حکمرانی کی برکتوں کے "فیض رسیدہ" تھے۔ اِن عوامل نے اُن کے اندر انفرادیت کا ایک خاص شعور بیدار کر دیا تھا جس کا اثر یہ ہوا کہ مغلیہ سلطنت کے آخری دور میں جب حکومتِ برطانیہ کی "صرصرِ ستم" سے برصغیر کی مسلم ریاستوں کی شمعیں ایک ایک کر کے گُل ہوگئیں تو مملکتِ آصفی کے اربابِ حل و عقد نے آگے بڑھ کر مسلمانانِ ہند کی تہذیبی و تمدنی روایات اور مسلم فکر و تحقیق کی امانت کو اپنے سینوں سے لگا لیا۔ اور اس امانت کو علو ہمتی، سیر چشمی اور دل سوزی کے ساتھ تقریباً دو صدیوں تک سنبھالے رکھا۔

دکن میں مسلم اقتدار کے آغاز سے اگر شمار کیا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ مملکتِ حیدرآباد تقریباً چھ صدیوں تک اسلامی تہذیب و ثقافت کی محافظ و امین رہی اور برصغیر کے آزادی حاصل کرنے تک اس کے ذہن و فکر کے چمنستان اُن ہی سرچشموں سے سیراب ہوتے رہے جن سے چودہ سو سالہ مسلم روایات کی آبیاری ہوئی تھی۔ اسی موثر اور مسلسل

ذہنی ربط کا تقاضا تھا کہ خلافت عثمانیہ کے زوال کے بعد سارے عالمِ اسلام میں صرف مملکتِ حیدر آباد کو مسلمانانِ عالم کے اجتماعی، ہمہ جہتی اور گوناگوں مسائل سے عملی دلچسپی باقی رہی۔ اس دور میں حیدر آباد نے مسلم تاریخ کے ہر نازک لمحے اور ہر اہم موڑ پر، عالمِ اسلام کی فلاح و بہبود کے ہر اقدام میں پیش قدمی کی اور دوسرے تمام شرکا سے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس مملکت نے ایسے ہر معاملے میں ملتِ اسلامیہ کی رہبری اور رہنمائی کی۔ حرمین کی خدمت گزاری، حجاز ریلوے کا قیام و توسیع، معزول خلیفہ ترکی اور ان کے خاندان کی معاشی و مالی اعانت، بیت المقدس کی نگرانی و نگہداشت، مغربی ممالک میں اسلامی مراکز کے قیام کے لئے مالی امداد۔ غرض اسلام اور مسلمانوں کی فوز و فلاح اور فکری و عملی امامت کا کوئی اقدام ایسا نہیں تھا جس میں سرزمینِ ہند پر مسلمانوں کے اقتدار کے اس آخری چراغ یعنی سلطنت آصفی نے اپنے وسائل و مقدور سے بڑھ کر حصہ نہ لیا ہو۔

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کی تاریخ وہ یادگار دن ہے جب برصغیر کو سامراجی شکنجے سے آزادی حاصل کرنے میں کامیابی ہوئی مگر سامراجیت جاتے جاتے بھی غلامی اور خانہ جنگی کی لعنت کے بیج اس سرزمین میں بکھیر گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مملکتِ حیدر آباد جو برصغیر کے اندر ہند و مسلم تمدنوں کا سنگم اور متحدہ قومیت کا آخری مرکز تھی، سازشوں اور شرپسندیوں کی نذر ہوگئی۔ اور سرزمین ہند و پاکستان پر آزادی کا سورج طلوع ہونے کے سال بھر کے اندر ہی آصف جاہی سیادت کا پھریرا سرنگوں اور مسلمانانِ ہند کا احوال زبوں ہوگیا۔ اور برصغیر کے معدنِ علم و دانش کا یہ دُربے بہا بے آب، اور عالموں، ادیبوں، فنکاروں، تہذیب و تمدن کے معماروں کا یہ گہوارہ، تاراج ہوگیا۔

دراصل دکن کی اس عظیم الشان مسلم ریاست نے ہندوستان کے تہذیبی و تمدنی روایات کو اپنا کر نہ صرف ایک ملی جلی گنگا جمنی تہذیب کی داغ بیل ڈالی تھی بلکہ اُسے بامِ عروج تک پہنچا کر آنے والی نسلوں کے لئے چراغ منزل بنا دیا تھا گردشِ زمانہ کی ستم ظریفیوں سے ۱۹۴۸ء کے منحوس سال میں مسلمانانِ عالم کی حیاتِ ملی کا یہ سب سے تابناک ستارہ بے نور ہو گیا۔

یہ سب کیسے ہوا اور اس سانحے کی تہہ میں کون سے عوامل کار فرما تھے اور کن کن عناصر کی سازشوں نے ایسے شاندار ثقافتی مرکز کے انہدام و استیصال میں حصہ لیا اور کیوں لیا؟ ان تمام موضوعات پر تو ایک غیر جانبدار مورخ ہی قلم اٹھا سکتا ہے، لیکن اس حقیقت سے انکار کرنا ناممکن ہے کہ حیدر آباد کی اس مسلم مملکت کی رگوں میں تین تہذیبوں کا خون گردش کرتا تھا۔ اور اس کا وجود اس حقیقت پر شاہد تھا کہ برصغیر کے مستقبل کی درخشانی کن اقدار سے اکتساب میں مضمر ہے۔ یہ اقدار وہی تھیں جن کو آصفی سیادت کے زیر سایہ پھلنے پھولنے والی سیاست و ثقافت نے چھ سو سال کی پرورش و پرداخت سے مثالی اور قابلِ تقلید بنا دیا تھا۔

بیسویں صدی کے شب و روز کی برق پائی سے متاثر و متردد ہو کر ۱۹۶۴ء کی ایک سہانی سہ پہر کو چند خود شناس خدا مانِ علم و ادب نے ایسے تمام عناصر کو یکجا کیا جو اپنے سینے میں اپنی تمدنی میراث اور تہذیبی سرمائے کو دستبرد زمانہ سے بچانے اور محفوظ کر دینے کی تڑپ رکھتے تھے۔ ان سبھوں نے بالاتفاق اور بڑے خلوص کے ساتھ اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کا عزم کیا کہ مملکت حیدر آباد کی مقدس امانت یعنی اس کے علمی، دینی، تہذیبی، ثقافتی، سیاسی اور انتظامی آثار و روایات کو ایک مستند و پائدار دستاویز کی شکل میں محفوظ کر دیا جائے، تاکہ برصغیر پاک و ہند میں جب بھی مقبول عنوان حکومت

کے سانچے تلاش کئے جائیں تو تلاش کنندگان کے سامنے آزمودہ اسلوب پر مرتب اور علمی حقائق پر مشتمل ایک ایسا تاریخی خاکہ موجود ہو جو تعمیرِ نو کی تگ و دو میں اُن کی راہوں کو سہل اور ان کی منزلوں کو مستقل کر سکے۔ اور تشکیل و تعمیر کی لگن سے آگے بڑھنے والے قافلے، کاروانِ رفتہ کے نقوشِ قدم سے نئے اُفقوں کا سُراغ پا سکیں۔

اس مقصد پر کامل اتفاق رائے کے بعد حصول مقصد کی تدابیر کا مرحلہ پیش آیا اور جلد ہی ایک عبوری کمیٹی اس کام کے سرانجام کے لئے بنا دی گئی۔ اس کمیٹی نے جو ابتدائی خاکہ اس تالیف کا تیار کیا اس کی مطبوعہ نقلیں ان تمام اصحاب و ارباب کو روانہ کر دی گئیں جو اپنی معلومات، تجربے اور تبحر علمی کے باعث نمایاں اور ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ نیز کتاب کے موضوعات پر قلم اٹھانے کے اہل تھے۔ یہ فہرست موضوعات گو بجائے خود ایک علمی کاوش ہے لیکن اس کا اعتراف و اظہار از بس ضروری ہے کہ وہ نہ اُس وقت حرفِ آخر تھی نہ آج حرفِ آخر ہے کیونکہ علم و ادب کے موضوعات کسی کی میراث نہیں ہوتے نہ اُن کے تنوع کی کوئی حد مقرر کی جا سکتی ہے، لیکن ہر بڑے کام کی ابتدا اور ہر اہم تحریک کا آغاز چند افراد ہی کے ذوقِ عمل کا مرہونِ منت ہوتا ہے جو اس کے ابتدائی منصوبے تیار کرتے ہیں اور جب لائحہ عمل کا خاکہ مکمل ہو جاتا ہے تب دیگر اصحاب کے تعامل و تعاون سے وہ بڑا کام پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے۔

؎ لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

عبوری کمیٹی نے باہمی مشورہ کے بعد یہ طے کیا کہ ایک اکادمی قائم کی جائے۔ اس طرح بہادر یار جنگ اکادمی کا تخیل پیدا ہوا اور اس کی رجسٹری ہونے کے بعد یہ ایک باضابطہ ادارہ اس کام کو سرانجام دینے کے لئے عالم وجود میں آگیا۔

نواب بہادر یار جنگؒ مسلمانوں کے مخلص رہنما، تحریک پاکستان کے نڈر سپاہی اور ایک بطلِ حریت تھے۔ انھوں نے اپنی خداداد خطابت سے غیر منقسم ہندوستان کے مسلمانوں کے اندر جذبۂ حریت بیدار کرنے میں جو شاندار خدمات انجام دی ہیں وہ پاکستان ہی نہیں عالم اسلام کی تاریخ میں آبِ زر سے لکھی جائیں گی۔ اُن کا نامِ نامی آج بھی حیدرآباد کے وقار کا سب سے بلند نشان ہے۔ سرزمینِ دکن کی جاں نواز فضاؤں میں جب وہ اپنی ذہنی اور اخلاقی توانائیوں کے ساتھ میدانِ عمل میں اُترے تو اُن کی شعلہ فشاں تقریروں سے ایوانِ اقتدار کے بام و در ہلنے لگے۔ اور سوتی بستیاں جاگ اٹھیں سچی بات تو یہ ہے کہ بہادر یار جنگ ہی کی بدولت اہل حیدرآباد سیاسی شعور سے آشنا ہوئے۔ اور مستقبل کا تمام حُسن نکھر کر سامنے آگیا۔ مسلمانانِ ہند کی بقا اور مملکت حیدرآباد کی انفرادیت و سالمیت کا تحفظ، قائد ملت نواب بہادر یار جنگؒ کا وظیفۂ حیات تھا۔ ان ہی دو عزائم کی مسلسل جدوجہد میں انھوں نے اپنی زندگی گزاری اور انھیں کی تکمیل کی تمناؤں کے ساتھ وہ اچانک پیوندِ خاک ہو گئے۔

؎ خوش درخشید و لے شعلۂ مستعجل بود

وہ شہابِ ثاقب کے مانند چمکے اور چشم زدن میں آنکھوں سے اوجھل ہو گئے، لیکن ان کی گرجتی ہوئی آواز آج بھی ہمارے کانوں میں گونجتی ہے، یہ آواز تحریک پاکستان کے بال و پر کے مرادف تھی اور آج بھی ہوا کی لہروں میں جاری و ساری ہے۔ اسی آواز کی گھن گرج سے آج بھی قلوب زندہ افکار تابندہ ہیں۔

بہادر یار جنگ اکادمی کا قیام اُسی مردِ مجاہد کے کارناموں کی صدائے بازگشت اور اُسی مردِ مومن کے حضور ہدیۂ عقیدت ہے۔

قبل ازیں واضح کیا جا چکا ہے کہ دکن کی سرزمین برصغیر کی مختلف تہذیبوں قوموں اور طرزِ فکر کی نمائندہ سرزمین تھی۔ اس سرزمین کے طول و عرض میں پروان چڑھنے والی ثقافت کو پاک و ہند کی مشترکہ امانت کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا یہی وجہ ہے کہ دکن کا تمدن اپنے اندر سارے برصغیر کے ملے جلے تمدن کی وسعتیں رکھتا ہے جن کی پہنائیوں میں گنگا جمنی معاشرت، اسلامی اندازِ فکر اور عصری طرزِ احساس یعنی تینوں اساسی عناصر بڑے حُسن و کمال سے سمو گئے ہیں

ع عجم کا حسن طبیعت، عرب کا سوز درون

اس حسین امتزاج کا دوسرا نام تمدن دکن تھا اور مشترکہ تمدن کے اس جامع و حسین امتزاج ہی نے مملکت حیدر آباد کو وہ انفرادیت عطا کر دی تھی جس کے احساس و شعور سے دکنی اہلِ دل و اہلِ نظر شروع ہی سے سرشار تھے۔ چنانچہ قطب شاہی شاعر وجہی کہتا ہے ؎

دکن ہے نگینہ، انگوٹھی ہے جگ
انگوٹھی کو حرمت، نگینہ ہی لگ

اس نگینے کی چمک دمک سے ہندوستان کے ہر خطے نے اکتسابِ نُور کیا۔ اور دکن دیس سے ایسے ایسے جوہر قابل اُبھرے جن کی فکر و دانش کے سہارے تہذیب و تمدن کے چمن زار پھلے پھولے اور ثقافت و انسانیت کے سمن زاروں میں بہاریں آئیں۔ اس سرزمین کی آغوش میں وہ باکمال افراد پلے بڑھے جنھوں نے علم و فن کی شمعیں برصغیر کے گوشے گوشے میں روشن کیں۔ ایسی شمعیں جن کی ضیاء نے پورے عالمِ اسلام کو منوّر و مستنیر کر دیا۔ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز، حضرت برہان الدین جانمؒ، حضرت شاہ میراں جی شمس العشاقؒ وغیرہ کی تصانیف نے قلب و نظر کو جِلا بخشی اور جب وزیر سلطنت بہمنیہ خواجہ محمود گاواں کی شخصیت کے جوہر اُبھرے تو جامی و رومی کی آنکھوں میں دکن سے ٹھنڈک پہنچی۔

سلاطین آصفیہ نے اس سرزمین کو اپنے خونِ جگر سے سینچ کر ذہنی اور اخلاقی سطح پر برصغیر کا زرخیز ترین خطہ بنا دیا اور اپنی روایاتی علم پروری، تہذیب و شائستگی اور رواداری کا سکہ ساری اسلامی دنیا میں بٹھا دیا جس کی مثال معاصر تاریخ میں کہیں اور نہیں ملتی۔ یہی وجہ ہے کہ شہر حیدر آباد فرخندہ بنیاد جو قوموں کی تہذیبی جد و جہد کا ثمر نا آفریں تھا اور جس کی بنیاد قطب شاہیوں نے سولہویں صدی عیسوی میں رکھی تھی، رفتہ رفتہ تہذیب و تمدن علم و ادب کا ایک عظیم الشان گہوارہ بن گیا۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ کا حُسن کارانہ ذوق اس شہر کی تزئین و رونق کا باعث بنا۔ اور اس کے دل کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی دعائیں اس پر سایہ فگن ہو گئیں۔

مرا شہر لوگاں سوں معمور رکھ
رکھیا جیوں سمندر میں من، یا سمیع

یہ دعائیں مستجاب ہوئیں تو دُنیا نے دیکھا کہ برصغیر کا ہر ذرۂ تابندہ اسی ارض روشن کی طرف کھنچا آرہا ہے اور بتدریج یہ شہر ایسی نامور اور قابل فخر ہستیوں سے معمور ہو گیا کہ بیک وقت شاید ہی کسی اور شہر کو یہ سعادت نصیب ہوئی ہو۔ برصغیر کے ہر خطے سے لائق و فاضل ہستیوں نے کارواں در کارواں اسی سرزمین کا رُخ کیا اور ارض دکن کو وطن بنایا۔ اس وطنِ نو کی رنگینی و پذیرائی نے ان کو وہ آسودگی بخشی کہ ان میں سے بیشتر

اسی سرزمین کی خاک کے اندر محو استراحت ہیں اور تا قیامت آرام کرتے رہیں گے۔
۱۷۶۳ء میں اس شہر نگاراں کی تقدیر کا ستارہ پھر چمکا یعنی غفران مآب نظام علی خان نے اورنگ آباد کو خیرباد کہہ کر حیدرآباد کو سلطنت آصفیہ کا دارالحکومت بنایا جس کے بعد حیدرآباد فرخندہ بنیاد برابر ترقی کرتا گیا تخت آصفی کا ہر تاجدار حیدرآباد کو اپنے عہد کا سب سے بڑا علمی مرکز بنانے کی کوشش کرتا تھا اس طرح شہر حیدرآباد عروج و ارتقار کی منزلیں طے کرتا ہوا عہد عثمانی میں اس مقام پر پہنچ گیا جہاں میرؔ کا یہ شعر بجا طور پر اس پر صادق آتا ہے ؎

بلدے کے نہ تھے کوچے اوراق مصوّر تھے
جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی

حیدرآباد کو اس بلند مرتبے پر پہنچانے میں تاجدارانِ سلطنت آصفیہ کے علاوہ امرائے سلطنت کی کوششوں اور کاوشوں کو بھی خاصا دخل ہے۔ خاندان سالارجنگ نے اپنی سیر چشمی اور معارف شناسی سے دکن کو علمی اور تہذیبی نوادر کا مخزن اور شہر حیدرآباد کو علوم و فنون کا مرکز بنادیا۔ ان امرار نے اپنی دولت و ثروت کو اس غرض کے لئے وقف کردیا کہ یہ مملکت مسلمانانِ برصغیر کی ہمہ جہتی ترقی اور فلاح و بہبود کی ضامن بن جائے حیدرآباد کی مشہور درس گاہ (دارالعلوم) نواب تراب علی خاں سالارجنگ اعظم ہی کی علم دوستی اور علم نوازی کا مظہر تھی۔ یہی بعد میں جامعہ عثمانیہ کی تاسیس و تشکیل کی بنا ہوئی۔ سالارجنگ اوّل ہی نے علی گڑھ تحریک کو کامیاب بنانے میں سر سید احمد خاں کا ہر طرح سے ہاتھ بٹایا۔ اور مفید مشوروں کے ساتھ ساتھ مالی امداد بھی دی۔ اس کا ثبوت اس ڈوبتے جہاز کی تصویر سے ملتا ہے جس کو بچانے کے لئے مختلف لوگ کوشش کر رہے ہیں۔ ان لوگوں میں سالارجنگ اعظم بھی شامل ہیں
سالارجنگ ثانی میر لائق علی خاں نے فارسی کے بجائے اُردو کو حیدرآباد کی سرکاری زبان قرار دے کر دفاتر میں رائج کردیا، ان کی اس جراَتِ رندانہ نے اُردو زبان کو دنیا کی دیگر زندہ زبانوں کا ہم پلہ بنادیا۔
میر یوسف علی خاں سالارجنگ ثالث نے بے دریغ دولت خرچ کرکے بلدہ حیدرآباد میں مخطوطات و مطبوعات کا ایک بہت بڑا کتب خانہ اور بے بہا نوادر کا ایک عظیم الشان عجائب خانہ قائم کیا جس کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیل چکی ہے۔ اس طرح خاندان سالارجنگ نے اپنی علمی سرپرستی سے حیدرآباد کے علمی معیار ہی کو بلند نہیں کیا بلکہ تہذیب و تمدن کے آثار کو محفوظ کرکے ثقافتی دنیا میں ایک کارِ نمایاں انجام دیا۔
دیگر امرائے پائیگاہ و جاگیر دارانِ آصفی کا حصہ اس جدوجہد میں کسی سے کم نہیں ہے لیکن ان سب میں خاندانِ شمس الامرار کا قدم آگے بڑھا ہوا نظر آتا ہے۔ نواب فخرالدین خاں شمس الامرار، آصف جاہ دوم کے خُسر اور سلطنت آصفیہ کے وزیر اعظم تھے۔ ان کی بصیرت و فراست نے آج سے تقریباً ڈیڑھ سو سال پہلے مسلمانوں کی جملہ آئندہ تعلیمی و علمی ضرورتات کا احساس و اقتصار کرکے تعلیم و تدریس کے طرز جدید کی طرح ڈالی اور اس مقصد کی تکمیل کے لئے انھوں نے نہ صرف مدرسہ فخریہ قائم کیا بلکہ بصرف کثیر یورپ سے مغربی علوم و سائنس کی کتابیں منگواکر ان کے تراجم کرائے اور ان تراجم کی طباعت کے لئے اعلیٰ درجہ کا مطبع بھی قائم کیا۔
حیدرآباد اپنی اس خوش بختی پر بجا طور پر فخر کرسکتا ہے کہ تحریک آزادی کے علمبردار اور

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاکِ کاشغر

کی زندہ تصویر علامہ جمال الدین افغانیؒ نے تقریبًا دو سال تک حیدر آباد کے ایک ہم دوست نبی رسول یار جنگ کے ہاں قیام فرمایا اور ان کا مشہور عالم اخبار "عروۃ الوثقی" اس اثنا میں حیدر آباد سے ہی چھپ کر شائع ہوتا رہا۔ رشکِ قرطبہ و بغداد، حیدر آباد مینو سواد کی کئی صدیوں کے تہذیب و تمدن اور علمی و ثقافتی سرمائے پر ۱۹۴۸ء میں ایسی ضرب کاری لگی کہ ساری شان و شوکت خواب بن گئی، لیکن اس ویرانے کے گوشے گوشے میں آج بھی تہذیب و تمدن کے وہ گراں بہا خزانے پوشیدہ ہیں جن کو نئے تمدن کی آرزو مند نسلیں اپنے مستقبل کے لئے گوہر شب چراغ بنا سکتی ہیں

یہ فہرست مطبوعات جو بہادر یار جنگ اکادمی کی دوسری پیش کش ہے، اکادمی ہی کے ایک لائق رکن کی شبانہ روز محنت و کاوش کا نتیجہ ہے۔ اس فہرست میں بے شمار اہل علم و ارباب قلم کی علمی، فنی، ذہنی اور فکری تخلیقات کو جو ایک مدت سے بکھری ہوئی تھیں یکجا کر دیا گیا ہے۔ تیئیس ہزار مطبوعات کی یہ فہرست مختلف موضوعات کی کتابوں پر مشتمل ہے جن میں تاریخ، سوانح، سفرنامے، ادب، قانون، فلسفہ، ریاضی، طب، سائنس، الٰہیات، تصوف، دینیات، عمرانیات اور معاشیات سبھی شامل ہیں۔

اس فہرست کے فاضل مرتب جناب احمد عبد اللہ المسدوسی ایم اے ایل ایل بی جو اردو کالج کراچی میں استادِ قانون ہیں، علمی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں، وہ علم و ادب کے ایک مخلص خدمت گزار اور اپنی ذات سے خود ایک ادارہ ہیں جس طرح حیدر آباد میں انھوں نے اپنی صلاحیت و قابلیت سے اپنے لئے ایک اعلیٰ مقام پیدا کیا تھا اسی طرح پاکستان میں بھی ان کی دو تصانیف "مذاہب عالم" اور "افریقہ ایک چیلنج" اہل ملک کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ فہرست کتب کی ترتیب ایک مشکل اور صبر آزما کام ہے۔ علم کی سچی لگن اور تلاش و جستجو کا ذوق رکھنے والے ہی اس میدان میں قدم رکھتے ہیں۔ فہرست کے ذی علم مرتب میں یہ صلاحیتیں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اور ان کی یہ تالیف ان کی صلاحیتوں کی کلیتہً آئینہ دار ہے۔

بہادر یار جنگ اکادمی کے جملہ ارکان و نظماء ان کے ممنون و شکر گزار ہیں کہ صاحب موصوف نے از راہ علم دوستی اس گراں قدر فہرست کی ترتیب و تالیف کا کوئی معاوضہ اکادمی کی طرف سے قبول کرنا پسند نہیں کیا۔ ان کی اس فراخ دلی پر ہم ان کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کرتے ہیں۔

جناب ممتاز حسن صاحب نے اپنی گوناگوں مصروفیتوں کے باوجود ہماری استدعا پر اس فہرست کا پیش لفظ تحریر فرما کر اپنی علم دوستی اور وسعت نظر کا ثبوت دیا جس کے لئے ہم ان کی خدمت میں بھی ہدیہ تشکر و امتنان پیش کرتے ہیں صاحب موصوف کو بہادر یار جنگ اکادمی سے شروع ہی سے تعلق خاطر ہے آپ نے سب سے پہلے اس اکادمی کی رکنیت قبول فرمائی اور آپ ہی نے اکادمی کی عمارت کا سنگ بنیاد نصب فرمایا۔

توقع ہے کہ اس فہرست کے مطالعے سے اہل پاکستان اور خاص طور سے پاکستان کی نئی نسلوں کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور آنے والی نسلیں اس فہرست کے شرکار کی جلالت شان سے اثر قبول کر کے نئی منزلوں کی طرف اور ہمت سے قدم بڑھائیں گی۔

ڈھلتے ہیں مری کارگہِ فکر میں انجم — لے اپنے مقدر کے ستارے کو تو پہچان

مجلس نظماء بہادر یار جنگ اکادمی

عرضِ مرتّب

(حصّہ الف)

اس فہرست کے مطالعے سے حیدر آباد کی عظمتِ رفتہ کا نقشہ اہلِ علم کی نگاہوں میں کھنچ آئے گا۔ اور وہ محسوس کر سکیں گے کہ مملکتِ حیدر آباد نے قومی ادب کو کس درجہ زندگی کے ہمہ گیر تقاضوں کی تکمیل کے لائق بنا دیا تھا اور اگر چاہے تو ایک بامقصد، باخبر اور فرض شناس حکومت کیا کچھ نہیں کر سکتی۔

اس وقت تک برِصغیر پاک و ہند کے مشہور کتب خانوں کے مشرقی شعبوں کی جو فہرستیں شائع ہوئی ہیں اُن میں یہ فہرست تعدادِ کتب اور کتابیات (BIBLIOGRAPHY) کے اعتبار سب سے بڑی ہے۔ اس فہرست سے پہلے دو بڑی فہرستیں اور شائع ہو چکی ہیں:- ۱۔ الفہرست ۲۔ قاموس الکتب

الفہرست:- یہ فہرست مرزا سجاد بیگ دہلوی پروفیسر نظام کالج حیدر آباد دکن کی مرتبہ ہے اور ۱۹۲۳ء میں چھپی ہے۔ اس میں تقریباً سات ہزار (۷۰۰۰) کتب درج ہیں۔ مگر مکررات کی کثرت ہے اور مطبوعات کے علاوہ مخطوطات بھی اس میں شریک ہیں نیز حیدر آباد کے علاوہ بیرون حیدر آباد کی کتابیں شامل ہیں۔ حکومتِ آصفیہ نے فاضل مرتب کو اس کام کے لئے ڈھائی سو روپے ماہوار دیئے تھے اور بیس برس کے طویل عرصے میں یہ فہرست مکمل ہو سکی تھی اور جب چھپ گئی تو مزید ڈھائی ہزار روپے کا انعام مرتب کو ملا تھا اس طرح باسٹھ ہزار روپے کی کثیر رقم سے بیس سال میں یہ کام انجام پا سکا تھا۔ پھر بھی بقول بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم

> "بیس سال کی محنت کے بعد ۱۹۲۳ء میں اس کی تکمیل کی، سابق دولتِ آصفیہ نے جو علم و ہنر کی بڑی سرپرست تھی، مرتب فہرست کو مالی امداد سے سرفراز کیا۔ لیکن افسوس کہ یہ فہرست نہایت ناقص اور نامکمل ہے۔"[1]

---

[1] مقدمہ قاموس الکتب، شائع کردہ انجمن ترقی اردو، کراچی

قاموس الکتب :- یہ انجمن ترقی اُردو کراچی نے ۱۹۶۱ء میں شائع کی ہے۔ اس میں گیارہ ہزار سات سو سرسٹھ (۱۱۷۶۷) کتابیں درج ہیں۔ اس میں بھی مطبوعات و مخطوطات، حیدرآباد اور بیرونِ حیدرآباد کی کتابوں کے اختلاط کے علاوہ مکررات موجود ہیں۔ مخطوطات اور مکررات اور رسالوں کے شائع شدہ مضامین کو چھانٹ کر اگر اصل مطبوعات کی تعداد شمار کی جائے تو دس ہزار (۱۰،۰۰۰) سے زائد نہیں ہو سکتی۔

حیدرآبادی ادب کا جائزہ

حیدرآبادی ادب کا اسّی فیصد سے زائد حصہ ٹھوس علمی اور فنی کتابوں پر مشتمل ہے۔ کمیت کے ساتھ ہی نوعیتی اہمیت حیدرآبادی ادب کا طغرائے امتیاز ہے[1] اس ادب کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ ادب پچھلی اور موجودہ صدی میں برصغیر کے تمام علمی علاقوں کے مسلم ادب کی مشترکہ پیداوار ہے۔ برصغیر ہند و پاکستان کے بیشتر مسلمان دانشوروں اور اہل قلم حضرات کے لئے مالی وسائل کی فراہمی میں مملکت حیدرآباد کو جو مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے وہ اہلِ نظر سے مخفی نہیں، بلکہ دستور، قانون، مالیات، نظم و نسق وغیرہ کے اجتماعی نوعیت کے ادب کی بیشتر ترجمانی تو سرکاری مطبوعات ہی کرتی ہیں جس کا اندازہ فہرست سے بخوبی ہوگا۔ عیاں راچہ بیاں۔

مخطوطات

حیدرآباد کے مخطوطات کا ذخیرہ بہت قیمتی اور نایاب ہے۔ اور یہ برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے مجموعی ورثے کی حیثیت رکھتا ہے اس کی وجوہ یہ ہیں:-

۱- یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ دکن کا مسلم اقتدار، شمالی ہند کے مسلم اقتدار کے مقابلے میں زیادہ طویل ہے

---

[1] پچھلی فہرستوں سے حیدرآبادی ادب کا امتیاز ظاہر نہیں ہوتا۔ ہمارے پیش روؤں نے تحقیق و تلاش کی کماحقہٗ کوشش نہیں فرمائی۔ مثلاً سررشتہ علوم و فنون کی مطبوعات لیجئے۔ اس سلسلہ میں صرف دس کتابوں کا ذکر ملتا ہے۔ حالانکہ ہم نے اپنی تلاش سے چونتیس کا پتہ چلایا — مجلس اشاعت علوم کی شائع کردہ مطبوعات ڈاکٹر زور مرحوم کے نزدیک اسّی ہیں حالانکہ ہماری تحقیق میں ۱۱۷ کا پتہ چلا۔ اسی طرح دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی شائع کردہ کتب کی جو بڑی سے بڑی فہرست مل سکی اس میں جملہ تعداد ۳۵۰ دکھائی گئی ہے۔ حالانکہ ہماری جستجو کا حاصل ۵۰۲ ہے حیدرآباد کے جرائد و رسائل کی تعداد دو مستند کتابوں میں پچاس اور اسّی بتائی گئی ہے حالانکہ ہمارے اس جلد کے صفحے میں ۵۰۰ سے زائد ملے گی یا مثلاً مہاراجہ کشن پرشاد کی تصانیف کی تعداد ان کے سب سے بڑے مداح نے صرف ۷۰ بتائی ہے حالانکہ مہاراجہ کی سوانح جو اسٹیٹ کی طرف سے شائع ہوئی تھی اس میں ننانوے ہے اور ہم نے اپنی تلاش میں چند اور مطبوعات کا پتہ چلایا ہے۔

شمال میں گو یہ اقتدار کوئی پون صدی پہلے قائم ہوا۔ مگر جنوب کے مقابلے میں دو صدی قبل مضمحل اور ایک صدی پہلے ختم بھی ہوگیا۔ اس لئے مدت کے اعتبار سے بھی اور اس پہلو سے بھی کہ آخری دور یعنی گزشتہ صدی ہی فروغ ادب کا اصل زمانہ ہے۔ دکن ہی میں اس کے سامان زیادہ ہوئے۔

۲۔ شمالی ہند کے مسلم اقتدار میں دلی کی معارف پرور حکومت وسط ایشیا سے مشاہیر اہلِ علم کو اپنے ہاں بلاتی رہی اور ان ممالک کے قیمتی مخطوطات اور علمی نوادر کو درآمد کرکے اپنے کتب خانے سجاتی رہی جس کے لئے وسط ایشیا کے حالات اس وقت سازگار بھی تھے۔ خلافت عباسیہ مضمحل ہو چکی تھی اس لئے "بیت الحکمت" (بغداد) کے اُجڑ جانے پر وہاں کے علمی و ادبی نوادر جہاں قدردانی پائی گئی منتقل ہو گئے۔ چنانچہ یہ خزائن ہندوستان بھی پہنچے اور کچھ شمال کی قسمت میں آئے اور کچھ دکن کے حصے ہیں۔

۳۔ جب اٹھارہویں صدی اور انیسویں صدی میں مغلیہ سلطنت زوال پذیر ہوئی تو اس کے انمول علمی ذخائر لکھنؤ، رامپور، بھوپال۔ بہاولپور، خیرپور اور جنوب میں حیدرآباد، میسور، ارکاٹ کی مسلم سلطنتوں میں منتقل ہونے شروع ہوئے لیکن بیسویں صدی کے اوائل میں جب ایک ایک کرکے ارکاٹ۔ مسولی پٹم اور لکھنؤ کی سلطنتیں ختم ہوگئیں تو یہاں کے علمی نوادر کا رُخ بھی تمام تر حیدرآباد کی طرف ہو گیا۔

۴۔ جاگیرداری نظام کی بعض خرابیاں مسلّم مگر اس کی بعض خوبیوں کا اعتراف نہ کرنا بھی ناانصافی کی بات ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس نظام کے ماتحت ثقافت اور علم و ادب کی بڑی سرپرستی ہوتی رہی۔ چنانچہ شمال اور جنوب کے اکثر امراء، شرفاء اور علما حیدرآباد منتقل ہو گئے اور مناصب اور جاگیروں سے سرفراز کئے گئے۔ ان کے ساتھ ان کے کتب خانے بھی آ گئے جن کا تحفظ نسلاً بعد نسل ہوتا رہا۔

۵۔ حیدرآباد میں سالار جنگ کا خاندان بہت قدیم اور معزز خاندان ہے۔ یہ عقیدے کے اعتبار سے شیعہ تھے مگر علمی اور مذہبی ذوق میں بے نظیر تھے۔ اس لئے بیجاپور اور لکھنؤ کے کتب خانوں کی اکثر کتابیں خصوصاً مخطوطات ان کے کتب خانہ میں پہونچ گئے چنانچہ شیعی مخطوطات کی کثرت اس کی شاہد ہے۔

۶۔ حیدرآباد کے ہر علمی مرکز ہر اہم خانقاہ اور ہر امیر کبیر کی ڈیوڑھی کی زینت مخطوطات ہی تھی اس سے وہاں کے مخطوطات کی کثرت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

حیدرآباد کے مخطوطات محض ادبی برتری کے حامل نہیں بلکہ معنوی اور نوعیتی تفوق بھی ان کو حاصل ہے یہ بحث اس وقت ہمارے موضوع سے خارج ہے ورنہ ہم خدابخش لائبریری (پٹنہ) اور سالار جنگ لائبریری حیدرآباد کے تقابل اور اس طرح کی اور مثالوں سے اپنے دعوے کو ثابت کرتے مگر اب اجمالی تعارف ہی پر اس ذکر کو ختم کرتے ہیں۔

مذکورہ فہرستوں کے مقابلہ میں یہ فہرست جس میں صرف مملکتِ حیدرآباد کی مطبوعات شامل ہیں شمار میں "الفہرست" سے سہ چند اور "قاموس الکتب" سے دو چند ہے۔ حالانکہ ان فہرستوں میں مخطوطات بھی شامل ہیں۔ اس فہرست میں مخطوطات کو اس وجہ سے شامل نہیں کیا گیا کہ مملکت حیدرآباد کی مخطوطات کا ذخیرہ بے اندازہ ہے جو بجائے خود ایک مستقل فہرست کی ترتیب کو چاہتا ہے۔ یہ انشاء اللہ متعاقب تیار ہوگی۔

موجودہ فہرست مطبوعات دراصل دورِ آصف جاہی کے ادبی تخلیقات کی نمائندگی کرتی ہے۔ کیونکہ انیسویں صدی کے آغاز میں "چھاپہ خانہ" کے رواج سے پہلے جو کتابیں لکھی گئیں وہ قلمی ہی ہوسکتی تھیں۔ جو مخطوطات کے ذیل میں آسکیں گی۔ مطبوعات کا سلسلہ انیسویں صدی کے ابتدائی بیس سال کے بعد شروع ہوتا ہے جو آصف جاہی دور کا نقطۂ آغاز ہے۔ اس لئے یہ کہنا زیادہ صحیح ہے کہ یہ فہرست عہد آصفی کے قلمی کارناموں ہی کی ترجمان ہے۔

اعترافِ قصور

اس فہرست کی تیاری کے سلسلہ میں جن کتابوں اور فہرستوں کا مطالعہ کیا گیا اُن سے اندازہ ہوا کہ مطبوعات حیدرآباد کی جو فہرست ہم پیش کر رہے ہیں وہ مجموعی مطبوعات کے نصف سے بھی کم ہوگی۔ کیونکہ پاکستان بالخصوص کراچی میں بیٹھے ہوئے تشنہ فہرستوں اور نا تمام تذکروں ہی کی مدد سے یہ کام انجام پایا ہے۔ ہمارے ملک میں علم و ادب کا بڑا مرکز لاہور رہے۔ اس کے کتب خانوں کو کھنگالا نہ جا سکا۔ اس کے علاوہ پشاور یونیورسٹی۔ حیدرآباد یونیورسٹی۔ اور جامعہ عباسیہ بہاولپور کے کتب خانے بھی تلاش سے رہ گئے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس وقت بھی حیدرآبادی مطبوعات کا بہت بڑا ذخیرہ خود سابق مملکت حیدرآباد ہی کے حدود میں ہوگا جو وسائل کی نافراہمی کی وجہ سے ٹٹولا نہ جاسکا۔ اگر ان تمام ذخائر کی تلاش ممکن ہوتی تو شاید مزید بیس ہزار (۲۰،۰۰۰) مطبوعات کا پتہ چل سکتا پھر بھی جو جلد اس وقت پیش ہے وہ اپنی ناتمامی کے باوجود حیدرآباد کے علمی و ادبی ورثہ کی اہمیت، افادیت اور عظمت کے اظہار کے لئے کافی ہے۔

اگلوں کی خدمت

سابق حیدرآباد میں علم و ادب کے چرچے کے باوجود عجیب بات یہ نظر آتی ہے کہ فہرست مطبوعات مرتب کرنے کی طرف خاطر توجہ نہیں کی گئی۔ چنانچہ ایک کتاب بھی ایسی نہیں ملتی جس میں ایک ہزار مطبوعات کا حوالہ بھی یکجائی طور پر مل سکے۔ چند اشخاص جیسے شمس اللہ قادری، نصیر الدین ہاشمی۔ ڈاکٹر غلام محی الدین قادری زورؔ

اور پروفیسر عبدالقادر سروری وغیرہ نے بڑی لگن اور محنت سے اس کام پر توجہ کی مگر ان کے کارنامے سبھی کتابیات کے مجموعی اغراض کے لئے کچھ سود مند نہ نکلے جس کی ایک وجہ کام کرنے والوں کا محدود نقطۂ نظر ہے مثلاً "داستان ادب حیدرآباد" میں ڈاکٹر زور نے صاف طور پر اعتراف کیا ہے۔

"راقم الحروف کی ساری زندگی اردو زبان وادب کی خدمت میں بسر ہوئی اور بطور خاص حیدرآباد کے ادیبوں اور شاعروں کے حالات اور کارناموں کی تلاش وتحقیق میں بڑی جستجو کی ہے اور اس موضوع پر کئی چھوٹی بڑی کتابیں لکھی اور مرتب کیں لیکن یہ مساعی زیادہ تر اردو کے ادیبوں اور شاعروں ہی تک محدود ہیں۔"

ظاہر ہے کہ اس صورت میں اُس ہمہ گیر ادب کی عظمت کا اظہار نہیں ہو سکتا جو حیدرآباد دکن میں، تاریخ فلسفہ، منطق، عمرانیات، مذہبیات، مالیات، دستور، قانون، نظم ونسق، سائنسی علوم اور تعلیمی مسائل وغیرہ سے متعلق پیدا ہوا۔

اس اظہار سے مقصود اگلوں کی تنقیص نہیں بلکہ محض ان کے کارناموں اور موجودہ کارنامے کے فرق کو ظاہر کرنا ہے۔ کہ وہ کسی ایک شعبہ کی ترجمانی تھی اور یہ حیدرآباد کے ہمہ جہاتی ادبی کارناموں کا تعارف ہے۔

(حصہ ب)

اس جلد کی ترتیب اور انداز کے متعلق چند وضاحتیں ضروری معلوم ہوتی ہیں۔

اصلاً یہ فہرست اس انداز سے مرتب کی گئی ہے کہ حیدرآباد کی علمی و ادبی تخلیقات کی پوری پوری عکاسی ہو سکے۔ اسی لئے عام ترتیب کے برخلاف اس کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی وضاحت آئندہ سطور میں ملے گی اس ادب کی دو نمایاں خصوصیات ہیں۔

(الف) یہ ادب (پچھلی اور موجودہ صدی میں) بڑی حد تک برصغیر کے مسلم ادب کی مشترکہ پیداوار ہے کیونکہ اس عرصۂ مدت میں برصغیر کے سیاسی حالات اور تغیرات کے نتیجے میں حیدرآباد ملت اسلامیہ کی سیاسی امنگوں اور نتیجتاً مذہبی، ثقافتی، علمی اور لسانی سرگرمیوں کا محور اس طرح قرار پا گیا کہ مملکت حیدرآباد اور برصغیر

کے مسلمان اہلِ قلم کی مساعی کو ایک نقطہ اتصال ہاتھ آگیا۔ یوں حیدرآبادی ادب حیدرآبادی اہلِ قلم اور برصغیر کے مسلمان دانشوروں کی دماغی کاوشوں اور مملکت حیدرآباد کے انتظامی ومالی وسائل کے خوش گوار امتزاج کا ایک دلنواز کارنامہ ہے۔

(ب) اس ذخیرے کا بہت بڑا حصہ (یعنی اسی فیصد سے زائد حصہ) ٹھوس اور علمی ہے۔ جس میں ہر طرح کے نظری علوم اور عملی فنون کی مختلف اصناف کے علاوہ دستور، قانون، نظم ونسق، مالیات وغیرہ کے اجتماعی شعبے داخل ہیں جن کی ترجمانی بیشتر سرکاری مطبوعات کرتی ہیں۔ یہ چیز حیدرآباد کے باہر کے مسلم ادب میں نمایاں طور پر مفقود ہے۔ ان سرکاری اور علمی مطبوعات کی اعلیٰ قدر وقیمت کا اندازہ مذکورہ ذیل مثالوں سے بخوبی ہوسکتا ہے۔

(۱) عربی مطبوعات میں دائرۃ المعارف اور معجم المصنفین کی مطبوعات ہیں جن کی بین الاقوامی اہمیت اس قدر زیادہ ہے کہ سقوطِ حیدرآباد کے بعد بھی بھارتی حکومت نے ان کی طباعت کا سلسلہ جاری رکھا ہے تاکہ وہ عالمِ اسلام، عالمِ عربی اور علمی دنیا میں اپنی معارف پروری کے ڈھونگ کو تقویت پہنچا سکے۔

(۲) انگریزی مطبوعات بیشتر "بقامت کہتر لیکن بقیمت بہتر" کی تفسیر ہیں۔ خصوصاً مارماڈیوک پکتھال کا ترجمہ قرآن جس کو امریکہ کی ایک فرم لاکھوں کی تعداد میں شائع کرتی رہی ہے اور مشہور سہ ماہی انگریزی رسالہ "اسلامک کلچر (ISLAMIC CULTURE) جس کی سابقہ جلدیں ناپید ہیں۔ اس لئے ان کو ازسرنو نہایت اہتمام سے مکمل طور پر امریکہ کے ایک مشہور طباعتی ادارے نے ... کے ذریعہ شائع کیا ہے۔

(۳) اردو مطبوعات میں دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی بلند پایہ کتابوں کا تذکرہ کافی ہوگا۔ جو عرصہ دراز تک جامعہ عثمانیہ اور جامعہ ملیہ کی اعلیٰ جماعتوں کی ... بی ضروریات کی کفیل تھیں اور اب پاکستان میں بھی بڑی حد تک اس مقصد کو پورا کر رہی ہیں۔

مذہبی کتب (حصۂ اوّل)

اس حصے میں ننانوے فیصد کتب اسلام سے متعلق ہیں۔ خال خال دیگر مذاہب سے متعلق کتب درج ہیں۔ اس فہرست کو دیگر فہرستوں کی طرح عربی، فارسی اور اردو اجزاء میں بانٹا گیا ہے جس کی بڑی غرض یہ ہے کہ مجموعی حیثیت سے پتہ چل سکے کہ ان اسلامی زبانوں میں حیدرآبادی ادب کا تناسب کیا ہے جو اس کی قومی پالیسی کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان میں عربی زبان سے ابتدا کی گئی ہے اس کے بعد فارسی اور پھر اردو زبان کی فہرست ہے۔ عربی سے ابتدا تبرکاً وتیمناً ہے تاکہ قرآن پاک کا پہلے ذکر ہو جس کا احترام بہرحال ایک مسلمان کو

عزیز ہوتا ہے ۔ اس لئے یہی ترتیب فہرست کے دیگر حصوں میں بھی حتی الامکان ملحوظ رکھی گئی ہے ہر ایک حصہ کو مختلف مناسب اور ضروری عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے جس سے دو فائدے ہیں پہلا فائدہ یہ ہے کہ اہل علم و تحقیق کے لئے ہر فن کی متعلقہ کتب (کتابیات) مہیا ہوں تاکہ ان کے لئے استفادہ آسان ہو جائے اور دوسرا فائدہ یہ ہے کہ موجودہ تنقیح شدہ فہرست کتب میں مکررات کا آسانی سے پتہ چلایا جا سکے جو پچھلی فہرستوں میں نمایاں اور بکثرت ہیں ۔ اس طریقے کو اختیار کرنے کا عملی فائدہ یہ ہوگا کہ کسی مشتبہ کتاب کے بارے میں زبانوں اور مضامین کی دہری تقسیم کے باعث بآسانی پتہ چل سکے گا کہ یہ کتاب پہلے درج ہو چکی ہے یا نہیں ۔ مثلاً علمی حصے میں تقریباً ساڑھے تین ہزار مجلدات ہیں جو عربی، فارسی اور اردو زبانوں میں تقسیم ہو کر کم ہو جاتی ہیں اور اس فنی تقسیم مزید کے بعد جداگانہ طور پر بھی اتنی کم ہو جاتی ہیں کہ بآسانی پتہ چل سکتا ہے کہ وہ پہلے فہرست میں آ چکی ہے یا نہیں ۔ گو اس کی وجہ سے فہرست کو از سر نو لکھنا پڑا لیکن اس سے ایک بڑا نقص (مکررات) بڑی حد تک دور ہو جائیگا ۔ اس کے بعد بھی اگر مکررات رہ جائیں تو اس کو مرتب کی بشریت پر محمول کیا جائے ۔ اس قدر البتہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ جلد تمام سابقہ مطبوعات کے مقابلے میں نسبتاً اس عیب سے پاک ہوگی ۔

اسی سلسلے میں ایک اور امر کی وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے ۔ اس فہرست میں ستمبر ۱۹۴۸ء کے بعد کی کتابیں بھی شامل ہیں اور ان میں زیادہ تر انجمن ترقی اردو کی مطبوعات ہیں ۔ انجمن ترقی اردو (پاکستان) دراصل انجمن ترقی اردو (ہند) کی جانشین ہے اور مؤخر الذکر جیسا کہ بیشتر اہل خبر جانتے ہیں سرکار آصفیہ کی امداد اور سرپرستی ہی سے سرگرم عمل رہی ۔ پاکستان میں منتقل ہونے کے بعد انجمن ترقی اردو نے بعض سابقہ مطبوعات کو از سر نو شائع کرایا ۔ نیز بعض کتابیں ایسی طبع کرائیں جن کے مسودے تقسیم ملک سے قبل ہی مکمل ہو چکے تھے انھیں مطبوعات کے زمرے میں وہ کتب و رسائل بھی آتے ہیں جن کو حیدرآبادی الاصل یا حیدرآباد کے پنشن یاب اربابِ قلم نے پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد تصنیف و تالیف کیا ۔ ان سب وجوہ سے ایسی تمام مطبوعات کو اس فہرست میں شامل کر لیا گیا ہے ۔

علمی کتب (حصۂ دوم)

اس حصے میں جو کتب شریک ہیں ان کی ترتیب و تقسیم بھی پہلے حصے کی طرح کی گئی ہے ۔ یہ اس جلد کا بہت اہم حصہ ہے ۔ جس میں مختلف نوعیت کی کتابیں رپورٹیں، روئدادیں اور خطبات کے علاوہ بعض علمی اور وقیع رسائل کے مجلدات بھی شریک ہیں ۔ حیدرآباد سے جو کثیر التعداد اور متنوع علمی، فنی، تعلیمی، ادبی اور مذہبی رسائل نکلتے تھے اگر ان سب کے سالانہ مجلدات کو شریک فہرست کیا جاتا تو موجودہ فہرست میں کئی ہزار مجلدات کا اضافہ ہو جاتا ۔ اس لئے رسائل کے مجلدات عام طور پر متروک کئے گئے ۔ البتہ وہ وقیع اور بلند پایہ رسائل جن کا ہمارے

قومی ادب میں مستقل اور لافانی حصہ ہے ان کے مجلدات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مثلاً اردو، سائنس، سیاست، ترجمان القرآن، مجلس اور اسلامک ریویو جن کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخرالذکر مجلے کی تمام سابقہ جلدیں من وعن نئے اہتمام اور شان سے امریکہ کے ایک ناشر نے شائع کی ہیں۔

قانونی کتب (حصۂ سوم)

اس جلد میں قانونی ادب کی تمام مروّجہ اقسام یعنی ۱۔ قوانین (مطبوعہ سرکار وغیر سرکاری) ۲۔ شروح ۳۔ خلاصے ۴۔ گشتیاں ۵۔ دستورالعمل ۶۔ نظائر شامل ہیں۔

سرکاری مطبوعات (حصۂ چہارم)

اس حصے میں انگریزی زبان کی مطبوعات کو چھوڑ کر اردو، فارسی اور عربی زبان کی تمام کتابیں داخل ہیں۔ ان میں دائرۃ المعارف (عربی)، اور مجلس اشاعت فارسی مخطوطات (فارسی) اور اردو کے شعبے میں جامعہ عثمانیہ کی مطبوعات یکجا ہیں جن کی ابتدا دارالترجمہ کی مطبوعات سے ہوتی ہے۔ پھر مختلف محکمہ جات سرکاری کی مطبوعات ہیں اور آخر میں موقتی اور غیر موقتی، محکمہ واری رپورٹیں اور میزانیئے شریک ہیں۔ یہ اس حصے کا سب سے بڑا جزو ہیں۔

ادبی کتب (حصۂ پنجم)

ان میں بھی مقررہ ترتیب کے تحت کتابوں کو نظم و نثر کے اصلی عنوانات اور پھر ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تعلیمی ونصابی کتب ومتفرقات (حصۂ ششم)

اس حصہ میں وہ تمام کتب یکجا کی گئی ہیں جو نصابی اور تعلیمی ضروریات کے لئے سرکاری یا غیر سرکاری طور پر تیار اور طبع ہوئیں۔ البتہ ان میں دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی شائع کردہ کتابیں شریک نہیں کیونکہ وہ حصہ چہارم میں شامل کی جا چکی ہیں۔ تعلیمی اور نصابی کتب کی نسبتاً کم تعداد کے مدنظر ادب اطفال کو بھی اسی میں شریک کیا گیا ہے نیز جرائد و رسائل کی فہرست بھی اسی میں شریک ہے۔

امدادی کتب (حصۂ ہفتم)

اس شعبے میں وہ کتب درج ہیں جو اگرچہ حیدرآبادی باشندوں کی ذہنی کاوش کا نتیجہ نہیں یا حیدرآباد میں طبع نہیں ہوئی ہیں۔ بلکہ بیرون حیدرآباد کے اہلِ علم کے رشحاتِ قلم اور تراوشِ فکر کا نتیجہ ہیں۔ لیکن یہ سب مصنفین یا مؤلفین یا مترجمین وہ ہیں جن کا مملکت حیدرآباد سے کسی نہ کسی طرح تعلق رہا ہے یا پھر یہ حیدرآباد سے موقتی یا غیر موقتی امدادیں پاتے رہے ہیں۔ ایسے اشخاص کے بارے میں متعلقہ مواد آیندہ کسی اشاعت میں شائع کیا جائے گا ان حضرات کی کتابوں کو اس جلد میں درج کرنے کا منشا برصغیر کے دیگر علاقوں کے اہل علم کے سرمایہ پر ڈاکہ ڈالنا یا ان علاقوں کے جائز حق کو چھیننا نہیں بلکہ اس رابطے اور ربطی رشتے کو نمایاں کرنا ہے جس کے ماتحت حیدرآباد ان کو اپناتا رہا اور یہ حیدرآباد کو اپناتے رہے۔ دراصل اسی علمی اور ادبی دائرے میں گزشتہ دو صدیوں کے اندر مسلم ہندوستان کی مشترکہ اساس اور جداگانہ قومیت کی یگانگت کا پتہ ملتا ہے جس کے ماتحت مملکتِ حیدرآباد کے دروازے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے اس طرح کھلے ہوئے تھے کہ وہ جوق جوق وہاں آتے اور بس جاتے تھے اور جس کا اظہار مولانا حالیؔ اپنے ایک مشہور قصیدے میں اس طرح کرتے ہیں ؎

یہ مقولہ ہند میں مدت سے ہے ضرب المثل
جو کہ جا پہونچا دکن میں بس وہیں کا ہو رہا

اس جزء میں برصغیر کے دیگر حصص کے اہل قلم کی کتابوں کی شمولیت بہرحال اس کے منافی نہیں ہے کہ اُن علاقوں کی جداگانہ فہرستوں میں یہ شریک نہ ہوں۔ علاقہ واری بنیاد پر علمی کام کا آغاز اگر حسنِ نیت سے کیا جائے تو وہ تفرلق یا دوئی کا موجب نہیں ہوتا بلکہ موجب توقیر اتحاد اور یگانگت ہوتا ہے اور اسی جذبے کے تحت اس کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔

اس حصے میں بعض ان اشخاص کی کتابیں بھی شریک ہیں جو تمام علمی اغراض کے لئے حیدرآبادی کہلائے جا سکتے ہیں لیکن جو کسی نہ کسی وجہ سے بعد کے زمانے میں حیدرآباد سے باہر چلے گئے اس لئے ایسے اصحاب کی وہ کتابیں جو قیام حیدرآباد کے دور کی ہیں۔ وہ حیدرآبادی مطبوعات میں اور بقیہ امدادی مطبوعات میں شریک کی گئی ہیں۔ اسی طرح حکومت سرکار عالی کے وہ وظیفہ یاب ملازمین جنھوں نے آخری زندگی اپنے وطن مالوف میں بسر کی ان کی مطبوعات بھی حیدرآبادی حصے میں شریک ہیں۔ کیونکہ یہ سب لوگ مکمل طور پر حیدرآباد کے شہری قرار پا چکے تھے۔

اس حصے کی جملہ کتب دو ہزار کے لگ بھگ اور مجموعی تعداد کا دس فیصد ہیں۔ اگر مذکورہ بالا

توضیحات کے بعد بھی بعض احباب کی نظر میں ان کا حیدرآباد کے مجموعی ادب سے کوئی تعلق نہیں تو وہ بخوشی حساب سے ان کو خارج کر دیں! برسبیل تذکرہ یہاں مملکت حیدرآباد سے برصغیر کے سیاسی اور علمی روابط کے مختلف ادوار کا تذکرہ مناسب ہوگا۔ یوں تو برصغیر کے ہر علاقے سے حیدرآباد میں لوگ آتے اور موزوں خدمات اور مناصب پاتے رہے جیسا کہ فہرست کی مطبوعات کے مصنفین کے ناموں سے ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن اس توطن پذیری اور ربط کے تین متین و مختلف دور رہے ہیں۔

پہلا مرحلہ

اس دور میں اہل بنگال و بہار حیدرآباد میں نسبتاً زیادہ آتے رہے۔ جس کے دو اسباب ہیں۔ آصف جاہ اول (المتخلص بہ شاکر) کے استاد کی حیثیت سے برصغیر کے مشہور فارسی شاعر مرزا عبدالقادر بیدل پٹنے سے آئے تھے۔ دوسرا سبب یہ تھا کہ اس زمانے میں برصغیر کے اندر انگریزی حکومت کا مرکز بنگال تھا جس کا بہار بھی ایک حصہ ہے۔

دوسرا مرحلہ

اس دور میں یو۔پی کے اہل کمال زیادہ آئے اور ان میں بھی اودھ کے قرب و جوار کے جس کی ظاہری وجہ لکھنؤ کی تباہی اور سالار جنگ کی سرپرستی تھی۔

تیسرا مرحلہ

یہ بیسویں صدی کا زمانہ ہے جس میں سابق صوبہ پنجاب کے فرزندوں کا حیدرآباد کی انتظامی اور علمی زندگی سے ربط ضبط بہت بڑھ گیا۔ مولینا ظفر علی خاں، استاد گرامی۔ ترک علی شاہ ترکی جیسے نامور سخن گویوں اور سخنداںوں کے علاوہ بے شمار اہل علم حیدرآباد میں جمع ہوگئے۔ جن کی علمی کاوشوں سے جدید حیدرآبادی ادب مالا مال ہوگیا خصوصاً سائنس، فلسفہ، نفسیات، تاریخ اور معاشیات کے علوم میں ڈاکٹر مظفر الدین قریشی، پروفیسر محمد حسین، پروفیسر کشن چند، چودھری برکت علی، ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم، ڈاکٹر شاہ نواز، خان فضل محمد خان، یہ چند نام ہیں جنھوں نے بلند پایہ علمی و درسی کتابیں تیار کیں۔ چنانچہ صرف جامعہ عثمانیہ کی مطبوعات میں تقریباً ستر (۷۰) کتابیں فرزندانِ پنجاب کی تخلیق ہیں۔

ر

انگریزی مطبوعات

حصۂ ہشتم

اس حصے کے تحت چونکہ مجموعی طور پر حیدرآبادی ادب نسبتاً کم تعداد ہے۔ اس لئے مشرقی مطبوعات کی طرح ان کو سات علیحدہ حصوں میں تقسیم کرنے کے بجائے ایک ہی حصے میں شریک کیا گیا ہے۔

جو ابتدائی فہرست میں نے تیار کی تھی وہ زائد از پچیس ہزار کتب پر مشتمل تھی۔ آخری تنقیح کے بعد تقریباً تیئیس ہزار مطبوعات باقی رہ گئی تھیں۔ میری یہ دلی تمنا تھی کہ ان کی تنقیح میں کوئی کسر نہ رہے تاکہ یہ فہرست ایک معیاری فہرست ہو۔ اس صبر آزما کام سے میں جی چرانا نہیں چاہتا تھا بلکہ پچھلی تصانیف کے تجربات کی روشنی میں محسوس کرتا تھا کہ اپنی غلطی کا علم یا احساس بہت کم ہوتا ہے اس لئے میں نے بعض احباب سے مدد حاصل کی۔ مذہبی فہرست اہم تھی اس لئے اس کی تنقیح مزید جناب حمیدالدین صاحب شاہد اور مولانا طاسین اور محترمی غلام محمد صاحب سے کرائی تھی جس کے لئے میں ان احباب کا نہایت درجہ ممنون ہوں۔
بہادر یار جنگ اکیڈیمی کے رفقائے کار کو پہلی جلد کی جلد تر اشاعت پر اصرار تھا اور یہاں یہ احساس غالب تھا کہ ؎

عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

اقبال کو "از ہمرہاں سست عناصر دلم گرفت" کا شکوہ تھا تو مجھے اُلٹے ہمرہاں چست عناصر کے خلوص اور شوق کا سامنا تھا۔ اس لئے مکررات کی تنقیح مزید کا مناسب بند و بست نہ کر سکا۔ مقام شکر ہے کہ میرے بعض دیگر احباب کی دستگیری اور تعاون عمل سے یہ کشمکش ختم ہوگئی۔ میری تبویب اور تقسیم

کے مطابق حسب ذیل احباب نے فہرست کے مختلف حصوں کی از سر نو تنقیح کی جس کے باعث یہ فہرست جلد شائع ہو سکی۔ اس تعاون کے لئے یہ مخلص احباب نہ صرف میری ممنونیت بلکہ تمام علم دوست احباب کے شکریہ کے مستحق ہیں

حصہ اوّل	مولوی غلام محمد صاحب
حصہ دوم	مولوی ایوب قادری صاحب لکچرار اردو کالج
حصہ سوم	مولوی کلیم الدین انصاری صاحب
حصہ چہارم و پنجم	مولوی اسماعیل احمد مینائی صاحب
حصہ ششم	مولوی مہدی علی صدیقی صاحب
حصہ ہفتم	مولوی محمد اعظم صاحب

اس آخری تنقیح و ترتیب کے بعد اس جلد کی مندرجہ کتابوں کا جائزہ لینے سے حسب ذیل نتائج سامنے آتے ہیں۔

(الف) حیدرآبادی ادب میں بلحاظ زبان، اردو کی غالب اکثریت ہے جس کا تناسب مجموعی کتب میں ۔ (۱۸۸۰۳) ہے۔ اس کے بعد انگریزی کی کتابوں کا درجہ ہے جن کی تعداد (۲۳۶۳) ہے اور تناسب (۱۰٫۲۷) ہے تیسرے درجہ پر عربی زبان کی کتابوں کی (۹۸۲) تعداد ہے جس کا تناسب (۴٫۲۷) ہے اور آخری درجہ میں فارسی زبان کی جملہ (۸۵۲) کتابیں ہیں جس کا تناسب (۳٫۷) ہے۔

(ب) سرکاری مطبوعات کی جملہ تعداد (۴۲۰۳) ہے جو کل مطبوعات کا (۱۸٫۲۷) فیصد ہیں۔ لیکن اگر امدادی کتب کو بھی شامل کرلیا جائے جن کو سرکاری امداد ملتی رہی ہے نیز ان مختلف علمی و ادبی اداروں کی مطبوعات کو بھی شامل کرلیا جائے جن کو سرکاری امدادیں جاری تھیں مثلاً مجلس اشاعت علوم، مجلس احیاء المعارف النعمانیہ انجمن ترقی اردو سلسلہ مطبوعات مخطوطات فارسیہ، ادارہ ادبیات اردو، آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس، دارالمصنفین اعظم گڑھ۔ وغیرہ تو ان کی مجموعی تعداد ( ) ہوتی ہے جو کل مطبوعات کی ( ) فیصد ہیں۔

(ج) سرکاری اور امدادی کتب کو علیحدہ کرنے کے بعد غیر سرکاری (خانگی یا نجی) شعبہ میں جو مطبوعات باقی رہتی ہیں۔ وہ (۱۶۷۵۴) ہیں جو جملہ مطبوعات کا (۷۲٫۸۴) فیصد ہے۔

سرکاری اور غیر سرکاری مطبوعات کے اس تجزیہ سے جو حقیقت نمایاں ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ علم و ادب کے دائرے میں حکومت آصفیہ کتنی معارف پرور اور علم گستر تھی نیز یہ کہ اس نے قومی زندگی اور احیاء کے تمام گوشوں کی آبیاری میں کتنی دور بینی اور حقیقت شناسی کا مظاہرہ کیا تھا۔ اور مملکت کی مذہبی، ثقافتی، تعلیمی اور انتظامی نیز

سرکاری زبان (اردو) کی ترقی کی خاطر اس کو متمدن اور ترقی پذیر زندگی کے ہمہ جہتی تقاضوں سے کس حد تک روشناس کیا تھا اس پالیسی کی ابتدا آصف جاہ ثانی میر نظام علی خاں کے دور سے ہوتی ہے۔ لیکن اس کا عہد شباب آصف سادس میر محبوب علی خاں کے دور سے شروع ہوتا ہے جبکہ علی گڑھ تحریک سے مضبوط ربط قائم ہوا۔ لکھنو اور دہلی کے اساتذۂ زبان سید علی شوستری، نظم طباطبائی، امیر مینائی، استاد داغ، فضیلت جنگ اور فصاحت جنگ جلیل حیدرآباد آئے۔ شرر اور شبلی حیدرآباد بلائے گئے۔ معارف اسلامیہ کے فروغ کے لئے فضیلت جنگ کی مساعی حسنہ سے مجلس اشاعت العلوم اور دائرۃ المعارف کا قیام عمل میں آیا۔ اور علامہ شبلی کی نظامت میں سررشتۂ تالیف و تصنیف قائم ہوا۔ اس کے بعد آصف سابع میر عثمان علی خاں مرحوم کے زمانے میں رجو علوم و فنون کے دائرے میں مملکت حیدرآباد کا عہد زریں کہلا سکتا ہے) ہر طرف علوم و فنون کی نہریں بہہ نکلیں جن کا اصل سرچشمہ جامعہ عثمانیہ اور اس کے ملحقہ ادارے خصوصاً دارالترجمہ تھا۔ جامعہ عثمانیہ کے ذریعے بارہ سو کے قریب اعلیٰ و بلند پایہ علمی مطبوعات مہیا ہوئیں۔ اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ جدید حیدرآباد کی تاریخ میں آخری دو آصفی تاجدار ہارون اور مامون کے ہم قدم نظر آتے ہیں۔

(۵) اس فہرست کی علمی کتابوں کی تعداد جو حصہ اول تا ہفتم (باستثنائے حصہ ششم) اور (حصہ ہشتم) میں درج ہے۔ جو جملہ فہرست کتب کی تعداد کا (۸۸۰۶۰۸) فیصد ہے اور خالص ادبی مطبوعات کی تعداد (۲۷۰۴۱) ہے جس کا تناسب (۱۱۶۹۲) ہے۔ علمی اور ادبی کتب کا یہ باہمی تناسب قابل لحاظ اور حیدرآبادی ادب کی ایک نمایاں اور بغایت قابل تعریف خصوصیت قرار پاتی ہے اگر اس حقیقت کو پیش نظر رکھا جائے کہ حیدرآباد سے باہر کے ادب میں یہ تناسب معکوس ہے جس کی اصل وجہ حیدرآباد سے باہر ملت اسلامیہ کی محکومی اور بےبسی تھی۔ اس لئے مذہبی اداروں اور قدیم علماء کی تصانیف، سرسید اور ان کے رفقائے کار کی تخلیقات۔ یوپی اور پنجاب کے مختلف اہل قلم کی کتابوں کو چھوڑ کر جن کا مجموعی تناسب قومی ادب میں بمشکل بیس فیصدی ہوگا۔ برصغیر کا مسلم ادب شعر و سخن کی نگبین وادیوں اور افسانوں اور داستانوں کی بھول بھلیوں میں گم تھا۔ اور "تنگنائے غزل" کی وسعت کو بقدر ذوق نہ سمجھنے والے غالب، حالی، حسرت، اقبال اور ظفر علی خان وغیرہ خال خال نظر آتے ہیں۔ یہ اکابر دراصل اپنے عہد کے قومی ادب کی پستی اور بے مائیگی کے خلاف ایک صدائے احتجاج کی نوعیت رکھتے ہیں نہ کہ مذاق عام کے ترجمان و نمائندہ اس سانحہ میں ملت کے فطری شعور اور آزاد مرضی کا کوئی دخل نہیں بلکہ متعدد بیرونی عوامل کا دخل تھا۔

۱۔ پہلی وجہ یہ تھی کہ برصغیر میں مسلم اقتدار کے زوال اور بدیسی حکمرانوں کے تسلط کی بنا پر ان کی اپنی مرضی مغلوب تھی جو غیر ملکی زبان (انگریزی) کے تسلط کی صورت میں ظاہر ہوئی۔ اور مملکت کی ہمہ گیر سرگرمیوں کا مرکز اور تمام اجتماعی تقاضوں کی ترجمان بن گئی۔ جہاں قومی زبانوں (فارسی اور اردو) کو "دفتر بدر" کر کے گھروں اور بازاروں میں بند کر دیا گیا تھا

اس کے برخلاف حیدرآباد میں قومی زبانیں جس طرح حرم سراؤں اور گھروں اور بازاروں کی زبانیں تھیں۔ اسی طرح وہ دربار، سرکار، دفاتر، تعلیمی اداروں صحافت اور علمی محفلوں کی زبانیں بھی تھیں اس لئے خود بخود ان کی توسیع و تقویت کے سامان ہوتے گئے اور نئے راستے کھلتے گئے جن پر وہ رواں دواں رہیں۔ یہ فہرست اُنہی نقوشِ قدم کی نشان دہی کرتی ہے۔ الغرض اپنی ملی حکومت اور آزاد مرضی کے ماتحت چونکہ حیدرآباد میں قومی زبان اور قومی تعلیم کے بنیادی مسائل میں آزادیٔ عمل حاصل تھی اور خوش قسمتی سے اس کو پورے جوش و جذبے کے علاوہ ایک سوچے سمجھے ہوئے منصوبے کے ماتحت بروئے کار لایا گیا تھا اس لئے قومی زبان اور ادب کو پھلنے پھولنے کے لئے سازگار ماحول ملا۔ ظاہر ہے کہ حیدرآباد سے باہر محکومی و مجبوری کی فضا میں صورتِ حال اس کے بالکل برعکس تھی ؎

بندگی میں گھٹ کے رہ جاتی ہے اک جوئے کم آب
اور آزادی میں بحرِ بیکراں ہے زندگی

۲۔ اس کا دوسرا بڑا قابلِ لحاظ سبب اُمرائے پائیگاہ کی دور بینی اور غیر معمولی مذہبی اور علمی ذوق تھا۔ یہ امراء حیدرآباد کے سب سے بڑے جاگیردار تھے جن کی جاگیرات کی آمدنی کروڑوں روپے تھی، یہ اپنی فوج، اپنی پولیس، اپنا انتظامیہ اپنا عدلیہ رکھتے تھے اور حیدرآباد کا سکہ و کاغذ مہور استعمال کرتے تھے، شہزادیاں ان سے بیاہی جاتی تھیں اس لئے ان کو "جاہ" کا مخصوص شاہی خطاب ملا کرتا تھا اور وہ اپنی دستاریں کلغی لگاتے تھے۔ ہمارے تعلق سے اس خاندان کے گل سرسبد نواب فخرالدین خان شمس الامراء ثانی ہیں جو اپنے خسر آصف دوم نظام علی خان کے بااختیار دیوان تھے۔ یہ فرد فرید غیر معمولی بصیرت کے حامل اور خدمت ملک و ملت کے جذبے سے سرشار تھے اس لئے دیوانی کی خدمت سے استعفا دے کر علمی خدمت کا بیڑا اٹھایا اور عہد آفریں کارنامے انجام دئیے۔ اس زمانے میں فورٹ ولیم کالج کی تخلیقات ہندوستان گیر اہمیت حاصل کر کے ادب کے دائرہ میں سطحیت کا رجحان پیدا کر رہی تھیں جو قوم کی علمی اور دماغی زندگی کے لئے بالآخر پیام موت ہوا۔ اس کے علاوہ اندرونی عوامل بھی اسی رجحان کو تقویت دے رہے تھے۔ اس زمانے میں اور اس کے بعد حیدرآباد کی دیوانی پر ارسطو جاہ، میر عالم اور مہاراجہ چندولال فائز رہے۔ جو شعر و شاعری کے دلدادہ تھے۔ شمس العلما نے اس کو محسوس کیا کہ اس رَو کو روکنے کی ضرورت ہے اور ان کی تیز نگاہوں نے مستقبل کو بھی دیکھا اور تعلیمی اور علمی ضرورت کا اندازہ لگایا پھر اس کے تقاضوں کی تکمیل میں ایک مردانہ بلکہ مومنانہ عزم کے ساتھ مصروف ہو گئے۔ انھوں نے تعلیم کے انداز کو بدلنے اور مغربی اور سائنسی علوم کی تعلیم کے لئے "مدرسہ فخریہ" قائم کیا۔ مغربی اور سائنسی علوم کی کتابیں یورپ سے منگوائیں ان کا خود ترجمہ کیا اور دیگر مترجمین سے ترجمے کروائے جن میں مقامی علماء کے علاوہ دہلی کے علماء اور بعض فرانسیسی اور برطانوی علماء تھے۔ ان کو اپنے سنگی مطبع میں چھاپا۔ یہ مطبع ۱۸۲۰ء میں قائم ہوا۔ اسی سنہ میں برصغیر میں لکھنؤ میں ایک شاہی مطبع بھی قائم ہوا تھا اس لئے نہیں

کہا جاسکتا کہ ان دونوں میں سے پہلا کون سا ہے تاہم اتنی بات یقینی ہے کہ شمس الامراء کا یہ مطبع مشنریوں اور انگریزی حکومت کے مطابع کو چھوڑ کر برصغیر کے دو اولین مطابع میں سے ایک ہے ان کی تیار کردہ سائنسی کتابوں میں "سلسلۂ شمسیہ" بہت مشہور ہیں۔ ان کی یہ مساعی مشکور ہوئیں کیونکہ دہلی کے اینگلو عربک کالج نے اُن کی تقلید میں اُردو زبان کے اندر جدید علوم وفنون کی کتابوں کی تیاری شروع اور ۱۸۴۳ء یا ۱۸۴۴ء میں اس کی مطبوعات منظر عام پر آئیں (تفصیل کے لئے دیکھئے دہلی کالج مصنفہ عبدالحق مرحوم)

دہلی کالج نے کل ۲۵ کتابیں شائع کیں اس وقت تک سلسلہ شمسیہ کی ۲۵ مطبوعات شائع ہوچکی تھیں اس طرح انھوں نے اپنے ذاتی صرفہ سے برصغیر میں اردو زبان کا پہلا دارالترجمہ قائم کیا جس کا مزید اثر یہ ہوا کہ جب انیسویں صدی کے نصف آخر میں مملکت حیدرآباد میں پہلا میڈیکل کالج قائم ہوا تو اس کے لئے ضروری صفات کے حامل طلبا ان کے "مدرسہ فخریہ" سے مہیا ہوتے رہے جہاں جدید علوم کی تعلیم کا بندوبست تھا۔

ان کی تاریخ ساز خدمات کے اور بھی پہلو ہیں۔ انھوں نے اس مہم کو جاری رکھنے کے لئے ایک معین منصوبے کے تحت اپنی اولاد اور جانشینوں کو تیار کیا۔ چنانچہ ان کے لائق بیٹوں نے خود بھی علوم جدیدہ اور قدیمہ سے متعلق کتابیں لکھیں اور لکھوائیں اور اپنی اسٹیٹ میں مشاہیر اہل علم کو جمع کیا۔ موجودہ فہرست میں پائیگاہی متوسلین کی جتنی مطبوعات شریک ہیں کسی اور اسٹیٹ کا تو کیا ذکر ہے شاہی اسٹیٹ (صرف خاص مبارک کے متوسلین) کی بھی نہیں ان کے انتقال کے بعد ان کے بیٹوں نے اس شمع کو روشن رکھا لیکن اس کا پورا پورا حق تو ان کے نامور پوتوں شمس الامراء سر خورشید جاہ بشیرالدولہ اور سر وقارالامراء نے ادا کیا۔ یہ سب انیسویں صدی عیسوی کے اختتام اور بیسویں صدی کے اوائل میں مملکت حیدرآباد کے با اختیار دیوان مقرر ہوئے۔ جو حیدرآباد کی تاریخ میں دور ہارونی کی حیثیت رکھتا ہے۔ لیکن برصغیر کی علمی تاریخ میں بڑا پُرخطر زمانہ تھا۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں ناکامی کے اثرات حوصلوں میں پستی اور ادب میں ابتذال پیدا کرچکے تھے۔ ہر طرف افسانوں اور تغزل کا رنگ چھایا ہوا تھا اور جب حیدرآباد میں میر محبوب علی خان کے استاد شاہ کی حیثیت سے لکھنؤ اور دہلی کے اساتذہ کا جمگھٹا ہوا تو شعر وسخن کے چرچوں سے حیدرآباد گونج اٹھا اور علمی اور سنجیدہ محفلیں سونی ہوگئیں۔ اس صورت حال کو بدلنے کی توفیق شمس الامراء اور ان کے سپوتوں یعنی سر آسمان جاہ اور سر وقارالامراء کو ملی اور انھوں نے ع

این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

کے مصداق عام مذاق کو بدلنے کا معجزہ پورا کر دکھایا۔ انھیں کے دور میں حیدرآباد کے مایۂ ناز علمی اور مذہبی اداروں کی بنا پڑی۔ مجلس اشاعت العلوم ہو کہ دائرۃ المعارف، سررشتہ علوم وفنون ہو کہ رصدگاہ نظامیہ، نظام یونیورسٹی کا منصوبہ (جو بعد میں عثمانیہ یونیورسٹی کی صورت میں جلوہ پذیر ہوا) ہو کہ کتب خانۂ آصفیہ، انھیں کی دوربینی اور

علم دوستی کی نشانیاں ہیں۔ برصغیر کے مراکز علمی، مذہبی و قومی اداروں مساجد اور مشاہیر اہل علم کی امدادیں جاری ہوئیں اور شبلی وحالی حیدر آباد بلائے گئے۔ اور اس طرح حیدر آباد رشکِ قرطبہ و بغداد بن گیا۔ ان کی علم پروری اور ہنر نوازی کا یہ عالم تھا کہ انیسویں اور بیسویں صدی کے درمیانی زمانے میں حیدر آباد میں اندرونی و بیرونی افاضل و مشاہیر کا ایسا اجتماع ہو گیا تھا جو حیدر آباد کی تاریخ میں اس سے پہلے یا اس کے بعد پھر دیکھنے میں نہیں آیا ہے۔" فرہنگ آصفیہ کے مصنف جلد اوّل میں آسمان جاہ کے بارے میں یوں رقمطراز ہے:-

> "میں نے اس آسمانِ شوکت کو مظہرِ قدرت اور اپنی "لغت" کا پورا پورا سرپرست پایا، اس کے ساتھ بڑے بڑے عالمِ متبحر، ادیب لاجواب، ہر فن اور ہر زبان کے مستند استادوں یعنی علوم مغربی اور مشرقی کے چمکتے ہوئے ستاروں کا جھرمٹ تھا۔" [1]

ستاروں کے اس جھرمٹ میں فضیلت جنگ (مولانا انوار اللہ) وقار نواز جنگ (مولانا وحید الزماں) عزیز جنگ (صاحب تصانیف کثیرہ) شمس العلماء سید علی بلگرامی مولانا شبلی صاحب جیسے یگانہ روزگاران معارف پرور امراء کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں۔ حتیٰ کہ شبلی جیسا حریت پسند ان کی تعریف میں قصائد لکھتا ہے۔

